# یقینی موت سے بچاؤ



3 امیزنگ فیکٹس اسٹڈی گائیڈ



تصور کریں کہ آپ گھر کے اندر خوف ناک آتش کے جھلسا دینے والے شعلوں کی ہولناکی کی زد میں ہیں اور دم گھٹنے والا دھواں آپ کے قریب آرہا ہے۔ ذرا سوچئے اگر ایسی صورت حال میں آپ کو بحفاظت بچالیا جائے تو آپ کس قدر راحت اور شکر گزاری محسوس کریں گے۔ ٹھیک اسی طرح، کرہ ارض کا ہر فرد شدید زبردست خطرے میں ہے۔ ہم سب کو فوری طور پر بچاؤ کی ضرورت ہے، یونیفارم میں ملبوس لوگوں کے ذریعے نہیں۔ بلکہ ہمارے آسمانی باپ کے ذریعے۔ کیونکہ خُدا نے آپ سے اتنی محبّت کی ہے کہ آپ کو بچانے کے لئے اُس نے اپنے بیٹے کو بھیجا۔ شاید آپ نے پہلے بھی اِس کے بارے میں سنا ہو، لیکن کیا آپ کو یقین ہے کیا آپ سمجھتے ہیں دراصل یہ کیا ہے؟ حقیقت میں اِس کا کیا مطلب ہے اور کیا یہ واقعی آپ کی زندگی تبدیل کر سکتا ہے؟ مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے ملاحظہ کریں۔


## 1 کیا خُدا واقعی آپ کی فکر کرتا ہے؟

یہ وہی ہے، جو اُس نے کہا: "چونکہ تو میری نگاہ میں بیش قیمت اور مکرم ٹھہرا اور میں نے تجھ سے محبّت رکھی" (یسعیاہ 4:43) "ہاں، میں نے تجھ سے اَبدی رکھی" (یرمیاہ 3:31)۔



**جواب:** خُدا کی کبھی نہ ختم ہونے والی دائمی محبّت انسان کی سمجھ سے بالا تر ہے۔ وہ یقیناً آپ سے محبّت کرے گا، چاہے آپ دُنیا کی واحد کھوئی ہوئی روح ہوتے۔ اور یسُوع آپ کو بچانے کی خاطر پھر بھی اپنی جان کی قربانی دینے سے دریغ نہ کرتا، اگر بچانے کے لئے کوئی دوسرا گنہگار نہ ہوتا۔ کبھی بھی یہ مت بھولنا کہ آپ اُس کی نظر میں بیش بہا قیمتی ہیں۔ وہ آپ سے شدید محبّت کرتا ہے اور آپ کی انتہائی فکر بھی کرتا۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved




آپ کے لئے صلیب پر یسُوع کی موت کائنات کی تاریخ میں محبّت کا سب سے بڑا اظہار تھا۔

## 2 خُدا نے آپ سے اپنی محبّت کا اظہار کیسے کیا ہے ؟

''کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی محبّت رکھی کہ اُس نے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔ ''(یوحنا 16:3)''جو محبّت خُدا کو ہم سے ہے وہ اِس سے ظاہِر ہُوئی کہ خُدا نے اپنے اِکلوتے بیٹے کو دُنیا میں بھیجا ہے تاکہ ہم اُس کے سبب سے زِندہ رہیں۔ محبّت اِس میں نہیں کہ ہم نے خُدا سے محبّت کی بلکہ اِس میں ہے کہ اُس نے ہم سے محبّت کی اور ہمارے گناہوں کے کفّارہ کے لئے اپنے بیٹے کو بھیجا''(1۔یوحنا 10,9:4)۔

**جواب:** کیونکہ خُدا آپ سے انتہائی محبّت رکھتا ہے، آپ سے ہمیشہ کے لیے جدا ہونے کی بجائے، وہ اپنے اکلوتے بیٹے کو تکلیف اٹھانے اور مرنے کے لیے بھیجنے کو تیار تھا۔اِس طرح کی کثرت کی محبّت کو پوری طرح سے سمجھنا انتہائی مشکل ہوتا ہے، لیکن خُدا نے آپ کے لئے یہ کر دِکھایا!




یسُوع کی آپ کے لیے محبّت آپ کے گناہوں کو معاف کرنے میں اُس کی رضامندی اور آپ کی زندگی کے ہر ایک امتحان پر آپ کو فتح دلانے کی خواہش میں واضح طور پر نظر آتی ہے!

## 3 وہ آپ جیسے کسی بھی شخص سے کیسے محبّت کر سکتا ہے؟

''لیکن خُدا اپنی محبّت کی خُوبی ہم پر یُوں ظاہِر کرتا ہے کہ جب ہم گُنہگار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطِر مؤا''(رومیوں 8:5)۔

**جواب:** یقیناً اِس لیے نہیں کہ کوئی اِس کا مستحق ہے۔ کسی نے بھی گناہ کی مزدوری کے سوا کچھ حاصل نہیں کیا، جو کہ موت ہے (رومیوں 23:6)۔ لیکن خُدا کی محبّت غیر مشروط ہے۔ وہ ان لوگوں سے بھی پیار کرتا ہے جو کھوئے ہیں، یا زنا کے مرتکب ہوئے، یہاں تک کہ اُن لوگوں سے بھی جنہوں نے قتل کیا ہے۔ اور وہ اُن لوگوں سے بھی محبّت کرتا ہے جو خود غرض ہیں، جو ریاکاری کرتے ہیں، اور وہ جو نشہ کے عادی ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ نے کیا کیا ہے، یا آپ کیا کر رہے ہیں، وہ آپ سے پیار کرتا ہے۔ اور وہ آپ کو گناہ اور اُس کے مہلک نتائج سے بچانا چاہتا ہے۔



## 4

## یسُوع کی موت نے آپ کے لئے کیا کیا؟

"دیکھو باپ نے ہم سے کَیسی محبّت کی ہے کہ ہم خُدا کے فرزند کہلائے اور ہم ہیں بھی" (1۔یوحنا 3:1) "لیکن جِتنوں نے اُسے قبُول کیا اُس نے اُنہیں خُدا کے فرزند بننے کا حق بخشا یعنی اُنہیں جو اُس کے نام پر اِیمان لاتے ہیں" (یوحنا 1:12)۔

**جواب:** مسیح نے آپ کے خلاف سزائے موت کے تقاضے کو پورا کرتے ہوئے اپنی جان کی قربانی دی۔ وہ ابنِ آدم کی صورت میں پیدا ہوا تاکہ وہ تمام گناہگاروں کی جگہ موت برداشت کرے۔ جس کے وہ واقعی مستحق تھے۔ اب، وہ آپ کو اُسی کا صلہ دینے کی پیشکش کرتا ہے جو کچھ اُس نے آپ کے لیے کیا ہے۔ اُس کی بے گناہ زندگی کا سہرا آپ کو دیا جاتا ہے تاکہ آپ کو راستباز شمار کیا جائے۔ اُس کی موت کو خُدا نے آپ کے تمام گناہوں کی پوری ادائیگی کے طور پر قبول کیا تھا، اور جب آپ بطور بخشش اُس کے کے کاموں کو قبول کرتے ہیں تو، آپ کو خُدا کے اپنے خاندان میں بطور ایک بچے کے شامل کیا جاتا ہے۔

## 5 آپ یسُوع کو کیسے قبول کرتے ہیں اور موت سے نکل کر زِندگی میں داخل ہوتے ہیں؟

**جواب:** آپ کی اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اور اُس پر ایمان رکھتے ہوئے۔




بس تین چیزوں کو تسلیم کرلیں:

1. میں ایک گنہگار ہوں۔
"سب نے گناہ کیا ہے" (رومیوں 23:3)۔

2۔ میں برباد ہُوا میرے نصیب میں موت ہے۔
"کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے" (رومیوں 23:6)۔

3۔ میں اپنے آپ کو نہیں بچا سکتا۔
"کیونکہ مجھ سے جدا ہو کر تم کچھ نہیں کر سکتے" (یوحنا 5:15)۔

پھر، تین چیزوں پر یقین کریں:


1۔ وہ میرے لئے مر گیا
"تاکہ [یسُوع] وہ ہر ایک آدمی کے لئے موت کا مزہ چکھے" (عبرانیوں 9:2)۔

2۔ وہ مجھے معاف کرتا ہے۔
"اگر اپنے گناہوں کا اِقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کے مُعاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچّا اور عادِل ہے" (1۔ یوحنا 9:1)۔

3۔ وہ مجھے بچاتا ہے۔
"میں تم سے سچ کہتا ہُوں کہ جو اِیمان لاتا ہے ہمیشہ کی زِندگی اُس کی ہے" (یوحنا 47:6)۔

زندگی کو بدلنے والی اِن سچائیوں پر غور کریں:

- کیونکہ میرے گناہوں کی وجہ سے، میں موت کی سزا کے ماتحت ہوں۔
- میں اَبدی زندگی کھوئے بغیر اِس کا کفارہ نہیں ادا کر سکتا تھا۔ لہٰذا میں ہمیشہ کی موت مروں گا۔
- مجھ پر قرض ہے جس کو میں ادا نہیں کر سکتا! لیکن یسُوع کہتا ہے، "میں اِس کا جرمانہ ادا کروں گا۔ میں تمہاری جگہ مر جاؤں گا اور اُس کا سہرا تمہیں دوں گا۔ آپ کو اپنے گناہوں کے لئے مرنا نہیں پڑے گا"
- میں اس پیش کش قبول کرتا ہوں! جس لمحے میں اپنے قرض کو تسلیم کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کے لیے اُس کی موت کو قبول کرتا ہوں، تو اُسی وقت سے میں اُس کا فرزند بن جاتا ہوں۔ (یہ بہت ہی آسان ہے نا؟)






## 6 نجات کی اِس بخشش کو حاصل کرنے کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہیئے ؟

"[ہم کو معاف کیا گیا] مگر اس کے فضل کے سبب سے اُس مخلصی کے وسِیلہ سے جو مسیح یسوع میں ہے مفت راستباز ٹھہرائے جاتے ہیں" (رومیوں 3:24) "انسان شریعت کے اعمال کے بغیر ایمان کے سبب سے راستباز ٹھہرتا ہے" (رومیوں 3:28)۔


**جواب:** صرف ایک کام جو آپ کر سکتے ہیں یہ ہے کہ نجات کو بطور تحفہ قبول کریں۔ ہمارے فرمانبرداری کے کام ہمیں راستباز ٹھہرانے میں مدد نہیں کریں گے کیونکہ ہم پہلے ہی گناہ کر چکے ہیں اور موت کے مستحق ہیں۔ لیکن جو لوگ ایمان سے نجات کی استدعا کرتے ہیں وہ اُسے حاصل کریں گے۔ بدترین گنہگار کو بالکل اسی طرح قبول کیا جاتا ہے جو کم ترین گناہ کرتا ہے۔ آپ کے ماضی کے گناہ آپ کے خلاف گنے نہیں جائیں گے ! یاد رکھنا، خُدا ہر ایک سے یکساں پیار کرتا ہے اور محض معافی کا مطالبہ کرتا ہے۔ "کیونکہ تُم کو اِیمان کے وسِیلہ سے فضل ہی سے نجات ملی ہے اور یہ تُمہاری طرف سے نہیں۔ خُدا کی بخشِش ہے۔ اور نہ اَعمال کے سبب سے ہے تاکہ کوئی فخر نہ کرے" (افسیوں 2:8، 9)۔



## 7

## جب آپ ایمان کے ذریعہ اُس کے خاندان میں شامل ہو جاتے ہیں تو، یسُوع آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی لاتا ہے؟

"اِس لیے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔ پرانی چیزیں جاتی رہیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئیں" (2۔ کرنتھیوں 17:5)۔



**جواب:** جب آپ مسیح کو اپنے دل میں قبول کرتے ہوئے جگہ دیتے ہیں تو، وہ آپ کی پرانی گناہ بھری فطرت کو ختم کرنے اور آپ کو ایک نئی رُوحانی تخلیق میں تبدیل کرنے کا عمل شروع کرتا ہے۔ تو آپ بخوشی، اپنے جرائم اور گناہوں سے شاندار آزادی کا تجربہ کرنا شروع کر دیتے ہیں، اور گناہ کی پرانی زندگی آپ کے لئے قابل نفرت ہو جاتی ہے۔ خُدا کے ساتھ لو لگانے کا یہ احساس، ایک منٹ کے لیے بھی شیطان کا غلام بننے کی زندگی سے کہیں زیادہ خوشیاں فراہم کرنے والا ثابت ہو گا۔ یہ کیسی تبدیلی ہے! لوگ یسُوع کو قبول کرنے کے لئے کیوں اتنا طویل انتظار کرتے ہیں؟

## 8

## کیا یہ تبدیل شدہ زندگی واقعی آپ کی پرانی گناہ بھری زندگی سے کہیں زیادہ پر سکون ہو گی؟

"میں نے یہ باتیں اِس لئے تم سے کہی ہیں.... کہ میری خوشی تم میں ہو" (یوحنا 11:15)۔ "پس اگر بیٹا تمہیں آزاد کرے گا تو تم واقعی آزاد ہو گے" (یوحنا 36:8)۔ "میں اِس لئے آیا کہ وہ زِندگی پائیں اور کثرت سے پائیں" (یوحنا 10:10)۔

کوئی بھی زمینی خوشی مسیحی گھر کی خوشی اور مسرت سے مقابلہ نہیں سکتی۔



**جواب:** بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ خود انکاری کی وجہ سے مسیحی زندگی خوشگوار نہیں ہو گی۔ بلکہ اس کے برعکس حقیقت یہ ہے! کہ جب آپ یسُوع کی محبّت کو قبول کرتے ہیں تو، آپ کے اندر خوشی چھلکتی ہے۔ یہاں تک کہ جب مشکل وقت آتا ہے، تو ایک مسیحی خُدا کی یقین دہانی اور طاقتور موجودگی سے لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ "جو ضرورت کے وقت ہماری مدد کرے" (عبرانیوں 16:4)۔

**9**

## کیا آپ بذاتِ خود وہ تمام کام کر سکتے ہیں جو مسیحیوں کو کرنا چاہئے ؟

"میں مسیح کے ساتھ مصلُوب ہوا ہوں اور اَب میں زندہ نہ رہا بلکہ مسیح مجھ میں زندہ ہے" (گلتیوں 20:2)۔ "جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں میں سب کچھ کر سکتا ہوں" (فلپیوں 13:4)۔

**جواب:** یہاں مسیحی زندگی کا سب سے بڑا معجزہ ہے: بحیثیت مسیحی آپ جو کچھ کرتے ہیں اُس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے اندر یسُوع کی کامل زندگی کا بے ساختہ بہاؤ جاری ہے۔ وہاں کوئی چیز آپ کو اچھا بننے پر "مجبور" نہیں کر رہی ہے! اِس کے بجائے، اطاعت آپ کی زندگی میں خُدا کی حقیقی محبّت کا فطری ردِ عمل ہے۔ خُدا سے پیدا ہونے کی وجہ سے، ایک نئے مخلوق کی حیثیت سے، آپ اُس کی اطاعت کرنا چاہتے ہیں، کیونکہ اُس کی حیات آپ کی زندگی کا ایک جزو بن چکی ہے۔ جس سے آپ پیار کرتے ہیں اُسے خوش کرنا ایک بوجھ نہیں ہے؛ یہ خوشی کا ایک عظیم احساس ہے! "اَے میرے خُدا! میری خُوشی تیری مرضی پُوری کرنے میں ہے بلکہ تیری شرِیعت میرے دِل میں ہے" (زبور 8:40)۔



جب یسُوع آپ کی زندگی میں داخل ہوتا ہے، تو اُس کی معجزانہ طاقت فرمانبرداری کو بوجھ سے خوشی میں تبدیل کر دیتی ہے۔



## 10 کیا اِس کا مطلب یہ ہے کہ دَس احکامات کو بھی ماننا مشکل نہیں ہو گا ؟

"اگر تم مجھ سے محبّت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو گے" (یوحنا 15:14)۔ "اور خدا کی محبّت یہ ہے کہ ہم اُس کے حکموں پر عمل کریں اور اُس کے حکم سخت نہیں" (1 یوحنا 3:5)۔ "ہاں جو کوئی اُس کے کلام پر عمل کرے اُس میں یقیناً خدا کی محبّت کامل ہو گئی ہے۔ ہمیں اِسی سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم اُس میں ہیں" (1۔یوحنا 5:2)۔


**جواب:** بائبل مقدّس اطاعت خُداوندی کو خُدا کی حقیقی محبّت سے منسلک کرتی ہے۔ مسیحیوں کو دس احکامات کو برقرار رکھنے دقت محسوس نہیں ہو گی۔ یسُوع کی کفارہ بخش موت کے ذریعہ آپ کے سارے گناہوں کو ڈھانک دیا گیا ہے، آپ کی اطاعت آپ کے اندر اس کی فاتح مند زندگی میں جڑی ہوئی ہے۔ اور آپ اپنی زندگی کو بدلنے کے لیے اُس سے گہری محبّت رکھتے ہیں، دراصل دس احکامات کی اطاعت کے تقاضوں سے بڑھ کر کر سکتے ہیں۔ آپ اُس کی مرضی جاننے کے لیے باقاعدگی سے بائبل مقدّس کو تلاش کریں گے، اُس کے لیے اپنی محبّت کے اظہار کے مزید طریقے تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔ "اور جو کچھ ہم مانگتے ہیں وہ ہمیں اُس کی طرف سے ملتا ہے کیونکہ ہم اُس کے حکموں پر عمل کرتے ہیں اور جو کچھ وہ پسند کرتا ہے اُسے بجالاتے ہیں" (1۔یوحنا 3:22)۔

## 11 آپ کو کیسے یقین ہو سکتا ہے کہ دس احکامات کو ماننا شریعت پرستی نہیں ہے ؟




"مقدّسوں یعنی خُدا کے حکموں پر عمل کرنے والوں اور یسُوع پر اِیمان رکھنے والوں کے صبر کا یہی موقع ہے" (مکاشفہ 14:12)۔ "اور وہ برّہ کے خُون اور اپنی گواہی کے کلام کے باعث اُس پر غالِب آئے اور اُنہوں نے اپنی جان کو عزیز نہ سمجھا۔ یہاں تک کہ موت بھی گوارا کی" (مکاشفہ 12:11)۔

**جواب:** "شریعت پرستی "بطور تحفہ قبول کرنے کے بجائے نیک اعمال سے نجات حاصل کرنے کی کوشش ہے۔ بائبل مقدّس میں مقدّسوں کی شناخت کرنے کے لئے چار خصوصیات بیان کی گئیں ہیں۔ (1) احکامات پر عمل کرنا، (2) برّے کے خُون پر بھروسہ کرنا، (3) دوسروں کے ساتھ اپنے اِیمان کا اشتراک کرنا، اور۔ (4) گناہ کی بجائے موت کا انتخاب کرنا۔ یہ اُس شخص کی سچی نشانیاں ہیں جو مسیح سے محبّت کرتا ہے اور اُس کی پیروی کرنا چاہتا ہے۔



## 12 آپ کس طرح یقین کریں کہ مسیح کے ساتھ آپ کے تعلقات میں اِیمان اور محبّت روز بروز مسلسل بڑھتے جائیں گے ؟

"تم کتابِ مقدّس میں ڈھونڈتے ہو" (یوحنا 5:39)۔
"بلاناغہ دُعا کرو" (1۔ تھسلنیکیوں 5:17)۔ "پس جِس طرح تُم نے مسیح یِسُوعؔ خُداوند کو قبُول کیا اُسی طرح اُس میں چلتے رہو" (کلسیوں 2:6)۔ "میں ہر روز مرتا ہوں" (1۔ کرنتھیوں 15:31)۔

**جواب:** باہمی رابطہ کے بغیر کوئی بھی ذاتی رشتہ خوشحال نہیں ہو سکتا۔ دُعا اور بائبل مقدّس کا مطالعہ خُدا کے ساتھ بات چیت اور ہم کلامی کی شکلیں ہیں , اور خُدا کے ساتھ آپ کے تعلقات کو بڑھتے ہوئے اور برقرار رکھنے میں یہ ضروری ہیں۔ اُس کا کلام ایک "محبّت بھرا خط" ہے جسے آپ اپنی رُوحانی زندگی کی پرورش کے لئے روزانہ پڑھنے کی خواہش کریں گے۔ دُعا میں اُس کے ساتھ اس کے ساتھ گفت و شنید کرنے سے آپ کی عقیدت میں مزید گہرائی آئے گی جو آپ کے ذہن کو مزید سنسنی خیز اور گہری عقل و دانش کی طرف راغب کرے گا کہ وہ کون ہے ؟ اور وہ کیا چاہتا ہے۔ ؟ آپ کی زندگی آپ کو اپنی خوشی کے لئے اُس کی ناقابل یقین فراہمی کی حیرت انگیز تفصیلات دریافت ہوں گی۔ لیکن یاد رکھنا، کہ جیسے دیگر ذاتی تعلقات میں، محبّت کی عدم موجودگی آزادی کو غلامی میں بدل سکتی ہے۔ جب ہم مسیح سے محبّت کرنا ترک کر دیتے ہیں اور اُس کے نمونہ کی پیروی کرنا چھوڑ دیتے ہیں تو, مذہب صرف پابندیوں کی ایک فہرست کی جبری تعمیل کرنے تک محدود رہ جائے گا۔



جب آپ دوسروں کے ساتھ اُس کا پیار بانٹتے ہو تو آپ کی یِسُوع مسیح سے محبّت اور بھی گہری ہو جائے گی۔

## 13 آپ کس طرح ہر ایک کو اُس کے ساتھ اپنے زِندگی بدلنے والے تعلقات کے بارے میں آگاہ کر سکتے ہیں؟

"پس موت میں شامل ہونے کے بپتِسمہ کے وسِیلہ سے ہم اُس کے ساتھ دفن ہُوئے تاکہ جِس طرح مسیح باپ کے جلال کے وسِیلہ سے مُردوں میں سے جِلایا گیا اُسی طرح ہم بھی نئی زِندگی میں چلیں.... کہ گناہ کا بدن بیکار جائے" (رومیوں 6:4،6). "کیونکہ میں نے ایک ہی شَوہر کے ساتھ تمہاری نِسبت کی ہے تاکہ تم کو پاک دامن کنواری کی مانِند مسیح کے پاس حاضِر کرُوں"۔ (2۔ کرنتھیوں 11:2).



جواب: بپتسمہ جو ایک شخص کی زندگی میں تین اجزائے ترکیبی کا مرکب ہوتا ہے۔ یہ ان کے لئے ہیں جنھوں نے مسیح کو قبول کیا ہے۔ (1) گناہ کے اعتبار سے مُردہ، (2) مسیح میں ایک نئی زندگی کا جنم، اور۔ (3) ہمیشہ کے لئے یسُوع کے ساتھ ایک رُوحانی "شادی"۔ جب تک ہم پیار کرتے رہیں گے یہ رُوحانی اتحاد وقت کے ساتھ ساتھ مضبوط اور میٹھا ہوتا جائے گا۔

خُدا ہماری رُوحانی شادی پر مہر ثبت کر دیتا ہے۔

ابدیت کے لئے یسُوع کے ساتھ آپ کی رُوحانی شادی پر مہر ثبت کرنے کے لیے، خُدا نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ہرگز آپ کو فراموش نہیں کرے گا۔ (زبور 55:22؛ متی 28:20؛ عبرانیوں 13:5) "خُداوند اُسے بیماری کے بِستر پر سنبھالے گا"۔ (زبور 41:3؛ یسعیاہ 41:10) اور ہر اُس ضرورت کو مہیا کرنا جو ممکنہ طور پر آپ کی زندگی میں ترقی کر سکے۔ (متی 6:25-34) جس طرح آپ نے ایمان کے ذریعہ اُسے قبول کیا، اسی طرح ہر مستقبل کی ہر ضرورت کے لئے اُس پر بھروسہ کرتے رہیں اور وہ آپ کو کبھی مایوس نہیں کرے گا۔



## 14 یا آپ ابھی یسُوع کو اپنی زندگی میں قبول کرنا چاہتے ہیں اور ایک نئی زندگی کا تجربہ شروع کرنا چاہتے ہیں؟ آپ کا جواب:

آپ کا جواب: ☐

# آپ کے سوالات کے جوابات

1۔ایک انسان کی موت تمام انسانیت کے گناہوں کا کفارہ کیسے ادا کر سکتی ہے؟ کیا ہو گا اگر ہم صرف اتنے گنہگار ہیں کہ خُدا ہمیں بچا سکتا ہے؟

جواب: "اِس لئے کے سب نے گناہ کیا" (رومیوں 3: 23) کیونکہ "گناہ کی مزدوری موت ہے" (رومیوں 6: 23) پیدا ہونے والے ہر فرد کے لئے کچھ خاص اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ صرف ایک ہی ہے جس کی زندگی کم از کم تمام بنی نوع انسان کے عوضی ہونے اور ساری انسانیت کے گناہوں کے لئے مر سکتا ہے۔ کیونکہ یسُوع تمام زندگی کا خالق اور مُصنف ہے، اِس لیے جو زندگی اُس نے دی وہ اُن تمام لوگوں کی زندگیوں سے بھی بڑھ کر تھی جو کبھی زندہ رہیں گے، "اِسی لئے جو اُس کے وسِیلہ سے خُدا کے پاس آتے ہیں وہ اُنہیں پُوری پُوری نجات دے سکتا ہے کیونکہ وہ اُن کی شفاعت کے لئے ہمیشہ زِندہ ہے" (عبرانیوں 7: 25)۔

2۔اگر میں مسیح اور اُس کی معافی کو قبول کرتا ہوں لیکن پھر گر پڑتا ہوں تو کیا وہ مجھے دوبارہ معاف کر دے گا؟

جواب: ہم ہمیشہ خدا پر بھروسہ کر سکتے ہیں اگر ہمیں اپنے گناہ پر واقعتاً افسوس ہے اور اِس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ وہ ہمیں دوبارہ معاف کر دے۔ "اگر اپنے گناہوں کا اِقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کے مُعاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچّا اور عادِل ہے" (1۔یوحنا 1: 9)۔ مزید مطالعہ کے لیے (متی 6: 12)۔

3۔میں کس طرح اپنی گنہگار حالت میں خُدا کی طرف رجوع کر سکتا ہوں؟ کیا یہ بہتر نہیں ہو گا کہ کوئی کاہن یا خادم میرے لئے دُعا کریں؟

جواب: یسُوع انسانی جسم میں ظاہر ہوا اور ہر بات میں... "ہماری طرح آزمایا گیا" (عبرانیوں 4: 15)۔ "اور دُنیا پر غالب آیا" (یوحنا 16: 33)۔ وہ ہمیں ہمارے گناہوں سے پاک کر سکتا ہے۔ ہمیں ایسا کرنے کے لئے کسی انسانی پجاری، کاہن یا خادم کی ضرورت نہیں ہے۔ مزید مطالعہ کے لیے، 1۔ تیمتھیُس 2: 5 ہمیں بالخصوص یوں فرماتا ہے "کیونکہ خُدا ایک ہے اور خُدا اور انسان کی بیچ میں درمیانی بھی ایک یعنی مسیح یسوع، "کَون ہے جو مُجرِم ٹھہرائے گا؟ مسیح یِسُوعؔ وہ ہے جو مر گیا بلکہ مُردوں میں سے جی بھی اُٹھا اور خُدا کی دہنی طرف ہے اور ہماری شفاعت بھی کرتا ہے" (رومیوں 8: 34) "پس آؤ ہم فضل کے تخت کے پاس دِلیری سے چلیں تاکہ ہم پر رحم ہو اور وہ فضل حاصل کریں جو ضرُورت کے وقت ہماری مدد کرے" (عبرانیوں 4: 16)۔

4۔کیا وہاں کوئی چیز ہے جس سے میں اپنی نجات کے حصُول کے لیے خُدا کی مدد کرنے کے لئے کچھ کر سکتا ہوں؟

جواب: نہیں۔اِس کا منصوبہ مکمل طور پر فضل کا منصوبہ ہے۔ (رومیوں 3: 24؛4: 5) یہ "خُدا کی بخشش" ہے۔" (افسیوں 2: 8)۔ یہ سچ ہے کہ جیسا کہ خُدا ہمیں ایمان کے ذریعے فضل عطا کرتا ہے، وہ ہمیں اپنی اطاعت کرنے



کی خواہش اور طاقت بھی دیتا ہے۔اِس کے نتیجے میں اُس کے قوانین کی محبّت کی اطاعت ہوتی ہے۔تو یہ فرمانبرداری بھی خُدا کے مفت فضل کا نتیجہ ہے! اطاعت، خدمت اور محبّت کی وفاداری، شاگردی کا حقیقی امتحان اور یسُوع مسیح پر اِیمان کا ایک قدرتی ثمر——اور نتیجہ ہے۔

## 5۔جب خُدا میرے گناہ کو معاف کر دیتا ہے، کیا مجھے اَب بھی کسی قسم کی توبہ کرنے کی ضرورت ہے؟

**جواب:** رومیوں 1:8 کہتا ہے، "پس اب جو مسیح یسُوع میں ہیں اُن پر سزا نہیں کا حکم نہیں ہے" یسُوع نے ہماری خطاؤں کا پورا پورا کفارہ ادا کیا، اور جو لوگ اُس کو ایمان کے ساتھ قبول کرتے ہیں وہ پاکیزگی کے لیے کوئی توبہ کے کاموں کے مستحق نہیں ہیں، جیسا کہ یسُوع نے پہلے ہی "ہمیں ہمارے گناہوں سے دھو دیا ہے" (مکاشفہ 5:1)۔یسعیاہ 25:43 میں اِس خوبصورت وعدے کا بیان یوں مرقوم ہے: "میں ہی وہ ہوں جو اپنی خاطر آپ کے گناہوں کو مٹا دیا۔اور اپنی میراث کے بقیّہ کی خطاؤں سے درگُذرے؟" (میکاہ 7:18، 19) میں یوں بیان کیا گیا ہے کہ آپ کے گناہوں کے عوض اُس نے اپنی قربانی دی۔ "تجھ سا خُدا کون ہے جو بدکرداری مُعاف کرے اور اپنی میراث کے بقیّہ کی خطاؤں سے درگُذرے؟ وہ اپنا قہر ہمیشہ تک نہیں رکھ چھوڑتا کیونکہ وہ شفقت کرنا پسند کرتا ہے۔وہ پھر ہم پر رحم فرمائے گا۔وُہی ہماری بدکرداری کو پایمال کرے گا اور اُن کے سب گناہ سمندر کی تہ میں ڈال دے گا"

**یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔**

# یہ اسٹڈی گائیڈ 14 کی سیریز [سلسلہ] میں سے صرف ایک ہے!

ہر سبق حیرت انگیز حقائق سے بھرا ہوا ہے جو آپ کو اور آپ کے خاندان کو بدل دے گا اور آپ کو دیرپا اُمید لائے گا۔ کسی ایک کو بھی نظرانداز مت کریں!


کیا کوئی چیز باقی ہے جس پر آپ بھروسہ کر سکتے ہیں؟


کیا خدا نے شیطان کو پیدا کیا؟


یقینی موت سے بچاؤ


بے مثال آسمانی شہر


خوشحال ازدواجی زِندگی کے رَموز


نوشتۂ سنگ


تاریخ کا گمشدہ دن


حتمی نجات یسُوع مسیح کی واپسی


پاکیزگی اور طاقت


کیا مُردے واقعی مرے ہوئے ہیں؟


کیا جہنم کا داروغہ شیطان ہے؟


امن کے ہزار سال


الٰہی مفت منصوبہ برائے صحت


کیا فرمابرداری قانون پرستی ہے؟

جب آپ پہلی 14 اسٹڈی گائیڈز مکمل کر لیں، تو لکھ کر ہمارے اگلے جدید سیٹ کے بارے میں پوچھیں:

**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 3 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیکTick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

---

1۔ خُدا نے اِنسان کے لیے آسمان پر سے کونسا عظیم تحفہ نچھاور کیا؟ (1)
- ☐ بائبل مقدّس
- ☐ اُس کی کلیسیا
- ☐ یسُوع مسیح
- ☐ شریعت

2۔ محبّت کی وہ عظیم مثال جو دُنیا نے اب تک جو کبھی دیکھی ہو گی، وہ تھی (1)
- ☐ پانچ روٹیوں اور دو مچھلیوں کا معجزہ
- ☐ صلیب پر یسُوع کی موت
- ☐ پنتیکست
- ☐ پطرس کا اعتراف

3۔ صلیب پر مسیح کی قربانی، کے لیے تھی (1)
- ☐ ہر ایک کے لیے
- ☐ صرف نیک لوگوں کے لیے
- ☐ صرف برائی کے لیے
- ☐ ان کے لیے جن کے بارے میں نجات کی پیشینگوئی کی گئی ہے۔

4۔ خُدا سب سے زیادہ محبّت کس سے کرتا ہے؟ (2)
- ☐ چرچ کے اراکین
- ☐ کسبیوں اور چوروں
- ☐ ہر ایک کو مساوی طور پر
- ☐ نئے سرے سے پیدا ہونے والے مسیحیوں سے

5۔ مسیح انسانی خاندان میں پیدا ہوئے اُس کا مقصد (1)
- ☐ گناہ کی سزا کی قیمت ادا کرنا
- ☐ یہ جاننے کے لیے کہ ہم کتنے کمزور ہیں؟
- ☐ ایک اچھا بڑھئی بننے کے لیے

6۔ نجات حاصل کرنے کے لیے، ضرور ہے کہ ایک شخص (1)
- ☐ بائبل کا کورس کرے۔
- ☐ ایک چرچ سے تعلق رکھے۔
- ☐ بیگانہ زبانوں میں بات کرے۔
- ☐ اُسے بطور ایک نعمت قبول کرے۔

7۔ ہم بچائے جاتے ہیں بذریعہ (1)
- ☐ نیک اعمال کے ذریعہ
- ☐ بذریعہ فضل
- ☐ خواہشات کے ذریعہ

8۔ معافی اور قبولیت ہمیں جاننے کی طرف لے جاتی ہے (2)
- ☐ کہ ہم گناہ کرنا جاری رکھ سکیں
- ☐ خوشیوں کی تردید کے پچھتاوے کے لیے۔
- ☐ خوشی اور امن۔
- ☐ اَبدی زندگی کی ضمانت۔

9۔ فرمانبرداری کا انحصار ہونا چاہئے (1)
- ☐ جہنم کے خوف
- ☐ دوستوں سے منظوری کی خواہش۔
- ☐ یسُوع کی مستقل موجودگی/یسُوع کے لئے محبّت ہے۔

10۔ مسیحی طرزِ عمل، یا احکام کی پاسداری، ہے (1)
- ☐ شریعت پرستی
- ☐ حقیقی تبدیلی کے ثمرات
- ☐ غیر اہم

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

11۔ مسیح سے شادی علامت ہے (1)
- ☐ کانونٹ یا خانقاہ میں شامل ہونا۔
- ☐ بپتسمہ
- ☐ شادی کی انگوٹھی دائیں ہاتھ پر پہننا۔
- ☐ کنوارا رہنے کا عہد بنانا۔

12۔ مسیح سے اظہار محبّت کے دو اہم طریقے ہیں (2)
- ☐ روزانہ بائبل مقدّس کا مطالعہ کرنا
- ☐ ایک آزادانہ نذرانہ پیش کرنے سے
- ☐ سور کا گوشت کھانے سے پرہیز کرنے سے
- ☐ مسلسل دُعائیہ رویہ اپنانے سے

13۔ یہ میری خواہش ہے کہ میں یسُوع کو اپنی زندگی میں قبول کروں اور نئی پیدائش کا تجربہ کروں۔
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔
- ☐ میرے پاس پہلے ہی سے ہے۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

**اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔**
**اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔


www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480